36943 ـ مزدلفه میں رات بسرنہ کرسکا

سوال

ہم مزدلفہ میں رات بسرنہ کرسکے کیونکہ ہمیں راستے کےعلاوہ کہیں اورجگہ میسرنہ آسکی اورراستے میں وقوف کرنے کی کسی کوبھی اجازت نہیں لھذا ہم منی روانہ ہوگئے , توکیا ہم پر کوئی چیز لازم آتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

اگر کوئی شخص مزدلفہ میں جگہ نہ پائے یاپھراسے فوجی وہاں رکنے سے منع کردیں تو اس پرکوئی حرج نہیں کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

(لھذا تم استطاعت کے مطابق اللہ تعالی کا تقوی اختیارکرو) .

اور اگر اس نے سستی کی بنا پر ایسا کیا ہے تو اس کے ذمہ توبہ کےساتھ ساتھ دم بھي لازم آتا ہے . اھـ .